**نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب**

**21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور**

**Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com**

**www.facebook.com/AgriDepartment**

## پریس ریلیز

## محکمہ زراعت پنجاب نے بہاریہ سورج مکھی کی دیکھ بھال بارے سفارشات جاری کر دیں

**لاہور،10مارچ2025:** ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق سورج مکھی کے کاشتکار پلانٹر یا ڈرل سے کاشتہ فصل کی صورت میں اگاؤ کے بعد فالتو اور کمزور پودوں کو اکھاڑ کر نکال دیں اور چھدرائی کا عمل مکمل کریں۔ سورج مکھی کے پودوں کا باہمی فاصلہ 9انچ رکھیں۔ وٹوں یا پٹریوں پر کاشت کی صورت میں آبپاشی فصل کی ضرورت کے مطابق کریں۔ ڈرل سے کاشت فصل کو پہلا پانی لگانے سے پہلے کم از کم ایک مرتبہ گوڈی ضرور کریں اور جب پودے کا قد ایک فٹ اونچا ہو جائے تو ان کی جڑوں پر مٹی چڑھا دیں جس سے جڑی بوٹیاں بھی تلف ہو جائیں گی اور آندھی آنے یا فصل پکنے پر پودا گرنے سے بھی بچ جاتا ہے۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کاشتکار فصل کا معائنہ باقاعدگی سے کریں۔ کیڑوں اور بیماریوں کی حملہ کی صورت میں محکمہ زراعت توسیع کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ پر عمل کریں۔ سورج مکھی کو پہلا پانی روئیدگی کے 20 دن بعد اور دوسرا پانی پہلے کے 20 دن بعد لگائیں۔ کمزور زمین میں پہلے پانی کے ساتھ آدھی بوری، دوسرے پانی کے ساتھ ایک بوری اور پھول کی ڈوڈیاں بنتے وقت آدھی بوری یوریا ڈالیں جبکہ اوسط زرخیز زمین میں پہلے پانی کے ساتھ آدھی بوری، دوسرے پانی کے ساتھ آدھی بوری اور پھول کی ڈوڈیاں بنتے وقت آدھی بوری یوریا ڈالیں۔

☆☆☆☆